37639 ـ كيادس دن سفر پررہنے والاشخص سفركى رخصتيں حاصل كرسكتا ہے

سوال

ميں پٹرول فليڈ ميں ملازمت كرتا ہوں اور ايک ماہ ميں دس دن فيلڈ ميں كام كرتا ہوں ، ميں دو يا تين دن مسلسل كام پر رہتا ہوں ، اورجب شہر ميں رہوں توروزہ ركھتا ہوں ، ليكن جب فيلڈ ميں رہوں اورہوائي جہاز كے ذريعہ ايک گھنٹہ كا سفر كروں توكيا اس سے ميں مسافر شمار ہوں گا جس كى وجہ سے مجھ پر روزہ ترک كرنے كى رخصت بھى ہو ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

جب فيلڈ ميں آپ كا مكان ہو جہاں پر آپ رہتے ہيں تواس حالت ميں آپ جب وہاں پہنچيں تومسافرنہيں ہونگے ، بلكہ آپ پر اپنے شہر اورملازمت والى جگہ پر بھى روزہ ركھنا واجب ہوگا ، اورصرف آپ آنے جانے ميں ہى مسافر ہوں گے -

لھذا اس حالت ميں آپ كا حكم بھى اس شخص جيسا ہى ہوگا جس كى دوشہروں ميں دوبيوياں رہتى ہوں ، جسے دورہائشوں والا كہا جاتا ہے ، تواس طرح كے شخص كو نماز بھى مكمل پڑھنى ہوگي اوردونوں شہروں ميں رہتے ہوئے روزے بھى ركھے گا ، ليكن ان دونوں شہروں كے مابين دوران سفر اگر چاہے تو نماز قصر كرے اور رووزہ چھوڑ دے -

ليكن اگر كام والى جگہ پر آپ كا مكان نہيں بلكہ صرف كام ہى كرتے ہيں تواس جگہ ميں آپ مسافر ہيں لھذا اس وجہ سے دوران كام روزہ چھوڑنا حلال ہے -

واللہ اعلم .